دائمی دمہ میں مبتلا نیو یارک سٹی کے باشندوں کے لیے گھر پر ملاقاتیں

الرجی زا چیزیں جیسے موذی حشرات (مثلاً موش اور لال بیگ) اور پھپھوندی گھر کے اندر کی ہوا کے معیار کو متاثر کر دیتے ہیں۔ ان کی وجہ سے دمہ کے دورے پڑ سکتے ہیں اور دمہ کی علامات بدتر ہو سکتی ہیں۔ موذی حشرات اور پھپھوندی پر قابو پانے سے دمہ پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔

نیو یارک سٹی کا قانون مکان مالکوں سے اپنی عمارتوں کو موذی حشرات اور پھپھوندی اور ایسے مسائل سے پاک رکھنے کا تقاضا کرتا ہے جو ان کا سبب بنتے ہیں، جیسے رساؤ اور سوراخ۔

اگر آپ کے بچے کو دائمی دمہ ہے اور آپ کے گھر میں موذی حشرات یا پھپھوندی ہے تو آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ گھر کے ماحول کے مفت معائنے کی درخواست کر سکتا ہے۔ آپ کو اپنے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر یہ خدمت موصول ہو سکتی ہے۔ مزید جاننے کے لیے اپنے نگہداشت کنندہ یا دمہ سے متعلق کیس مینیجر سے بات کریں۔

گھریلو ماحول کے معائنے سے کس چیز کی توقع کریں

- نیو یارک سٹی محکمہ صحت کا معائنہ کار آپ کے لیے کارگر دن اور وقت پر ملاقات کا شیڈول طے کرنے کے لیے آپ کو کال کرے گا۔
- وہ معائنہ کار موذی حشرات اور پھپھوندی اور ان کا سبب بننے والے مسائل پر نگاہ ڈالے گا۔
- مسائل کا پتہ چل جانے پر، معائنہ کار عمارت کے مالک کو انہیں ٹھیک کرنے کا آرڈر دے گا۔ عمارت کے مالک کے پاس کوئی درکار مرمتیں کرنے کے لیے 21 دن کا وقت ہوگا۔
- 21 دنوں کے بعد، محکمہ صحت کا معائنہ آپ کے گھر واپس آ کر دیکھے گا کہ آیا مسائل کو ٹھیک کر دیا گیا ہے۔
- اگر عمارت کے مالک نے مسائل کو ٹھیک کرنے کا کام پورا نہیں کیا ہے لیکن پیشرفت ہو رہی ہے تو یہ مرمتیں کرنے کے لیے انہیں مزید وقت دیا جائے گا۔
- اگر عمارت کا مالک مسئلے کو ٹھیک نہیں کر رہا ہے تو محکمہ صحت ایک پروانۂ طلبی جاری کر سکتا ہے جس کے نتیجے میں جرمانہ ہو سکتا ہے۔ سٹی بذا ہنگامی مرمتیں بھی کرتی ہے اور اس کام کا بل عمارت کے مالک کو بھیج دیتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **Healthy Neighborhoods Program** (صحت مند نواحی پروگرام) تلاش کریں یا **646-632-6023** پر کال کریں۔

NYC Health